تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 07 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یونانی فارمیسی میں ڈپلوما کر رہے طلبہ کو بہترین ملازمت ملی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے لیے یہ امر باعث افتخار ہے کہ اس کے یونانی فارمیسی میں ڈپلوما کر رہے سات طلبا کو موقر آئی ایس او تصدیق شدہ کمپنی الحرمین فارما پرائیوٹ لمٹیڈ کی جانب سے یونانی فارمیسی (فروخت / تیاری/ خرید) میں جونیئر ایگزیکیٹو زیر تربیت افسر کے عہدے کی پیش کش ہوئی ہے۔اس کورس کے دوسرے طلبا کو بھی کمپنی نے ملازمت کی پیش کش کی ہے تاہم ان طلبا نے ملازمت جوائن کرنے میں دلچسپی دکھائی ہے۔ان طلبا کو ابتدا میں سالانہ تین لاکھ روپے ملیں گے۔کمپنی کے عہدیداروں نے فیکلٹی اراکین اور یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل ایگزیکیٹو کی موجودگی میں ان طلبا کو ملازمت کا خط دیا ہے۔

یونانی فارمیسی (فروخت / تیاری/ خرید) میں جونیئر ایگزیکیٹو زیر تربیت افسر کے لیے انتخاب کا کیمپس انٹرویو جامعہ پلسمنٹ سیل میں مورخہ ستائیس فروری دو ہزار چوبیس کو ہاپڑ (یو پی) میں واقع الحرمین فرما پرائیوٹ لمٹیڈ کمپنی کے ماہرین کی ٹیم نے لیا تھا۔اس کے لیے علاوہ آخری سال کے تمام خواہش مند طلبہ کو یونانی فارمیسی میں ڈپلوما اور تربیت مکمل کرنے کے بعد کمپنی جوائن کرنے کی بھی پیش کش کی گئی ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی